PROVINCIAL

Session 12th
No 39
Date 13/5/2014
Department Administration

تحریک استحقاق

جناب سپیکر صاحب

آج مورخہ 13-05-2014 کو FDC میں میٹنگ تھی۔ جو کو اشتیاق اڑمڑ صاحب سپشل اسسٹنٹ ٹو وزیر اعلیٰ چیئر کر رہے تھے۔ اس میٹنگ میں مجھے اشتیاق خان اڑمڑ صاحب نے خصوصی دعوت پر مدعو کیا تھا بلکہ آج 10:40 بجے صبح اشتیاق خان اڑمڑ کے پی ایس نے ٹیلی فون بھی کیا کہ آپ اجلاس / میٹنگ میں آجائیں۔ ان کی دعوت کی وجہ سے میں FDC کے آفس میں گیا وہاں پر ایم ڈی، ایف ڈی سی شاہ وزیر صاحب، سیکرٹری ماحولیات، جنرل منیجر فنانس بھی بیٹھے تھے۔ میٹنگ کے شروع میں سیکرٹری ماحولیات نے مجھے کہا کہ آپ پارلیمانی سیکرٹری ہیں اپ اس میٹنگ میں کیوں آئے ہیں میں نے جواب دیا کہ مجھے اشتیاق خان اڑمڑ صاحب نے خصوصی دعوت پر مدعو کیا ہے دوسری بات یہ ہے کہ کوئی بھی شخص کسی بھی آفس سے معلومات حاصل کرنے کیلئے جاسکتا ہے کیونکہ حکومت نے اس سلسلے میں باقائدہ قانون سازی کی ہے۔

سیکرٹری ماحولیات نے کہا کہ صوبہ میں ہزاروں پارلیمانی سیکرٹریز ہیں ہم ان کو برداشت نہیں کر سکتے کہ وہ ہماری میٹنگ میں آئیں۔ لہذا آپ بھی یہاں سے نکل جائیں۔ اس کی ان باتوں سے میرا بلکہ پورے ہاوس کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ اس کے گواہ اشتیاق خان اڑمڑ، ایم ڈی ایف ڈی سی بھی ہیں۔ لہذا اس کو استحقاق کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

Fazal

Haji Fazal Elahi Khan
Member Provincial Assembly
Khyber Pakhtunkhwa

(حاجی فضل الٰہی خان، ایم پی اے)
پارلیمانی سیکرٹری، ماحولیات
خیبر پختونخوا

Admitted today
13/5/2014